۲۷	۰	۱۴	۴	۱	۱۲	۱۰	۲	۱۱	۲	۳	۹	۷	۴	۸	۰
۲۸	۰	۱۴	۱۱	۱	۱۳	۱۰	۲	۱۲	۹	۳	۱۱	۸	۴	۱۰	۸
۲۹	۰	۱۵	۵	۱	۱۴	۱۱	۲	۱۴	۴	۳	۱۳	۱۰	۴	۱۳	۴
۳۰	۱	۰	۰	۲	۰	۰	۳	۰	۰	۴	۰	۰	۵	۰	۰

۱۰			۲۰			۴۰			۸۰			۱۰۰			مہینے کے دن
روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	
۰	۵	۴	۰	۱۰	۸	۱	۵	۴	۲	۱۰	۸	۳	۵	۴	۱
۰	۱۰	۸	۱	۵	۴	۲	۱۰	۸	۵	۵	۴	۶	۱۰	۸	۲
۱	۰	۰	۲	۰	۰	۴	۰	۰	۸	۰	۰	۱۰	۰	۰	۳
۱	۵	۴	۲	۱۰	۸	۵	۵	۴	۱۰	۱۰	۸	۱۳	۵	۴	۴
۱	۱۰	۸	۳	۵	۴	۶	۱۰	۸	۱۳	۵	۴	۱۶	۱۰	۸	۵
۲	۰	۰	۴	۰	۰	۸	۰	۰	۱۶	۰	۰	۲۰	۰	۰	۶
۲	۵	۴	۴	۱۰	۸	۹	۵	۴	۱۸	۱۰	۸	۲۳	۵	۴	۷
۲	۱۰	۸	۵	۵	۴	۱۰	۱۰	۸	۲۱	۵	۴	۲۶	۱۰	۸	۸
۳	۰	۰	۶	۰	۰	۱۲	۰	۰	۲۴	۰	۰	۳۰	۰	۰	۹
۳	۵	۴	۶	۱۰	۸	۱۳	۵	۴	۲۶	۱۰	۸	۳۳	۵	۴	۱۰
۳	۱۰	۸	۷	۵	۴	۱۴	۱۰	۸	۲۹	۵	۴	۳۶	۱۰	۸	۱۱
۴	۰	۰	۸	۰	۰	۱۶	۰	۰	۳۲	۰	۰	۴۰	۰	۰	۱۲
۴	۵	۴	۸	۱۰	۸	۱۷	۵	۴	۳۴	۱۰	۸	۴۳	۵	۴	۱۳
۴	۱۰	۸	۹	۵	۴	۱۸	۱۰	۸	۳۷	۵	۴	۴۶	۱۰	۸	۱۴
۵	۰	۰	۱۰	۰	۰	۲۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۵۰	۰	۰	۱۵
۵	۵	۴	۱۰	۱۰	۸	۲۱	۵	۴	۴۲	۱۰	۸	۵۳	۵	۴	۱۶
۵	۱۰	۸	۱۱	۵	۴	۲۲	۱۰	۸	۴۵	۵	۴	۵۶	۱۰	۸	۱۷
۶	۰	۰	۱۲	۰	۰	۲۴	۰	۰	۴۸	۰	۰	۶۰	۰	۰	۱۸
۶	۵	۴	۱۲	۱۰	۸	۲۵	۵	۴	۵۰	۱۰	۸	۶۳	۵	۴	۱۹
۶	۱۰	۸	۱۳	۵	۴	۲۶	۱۰	۸	۵۳	۵	۴	۶۶	۱۰	۸	۲۰
۷	۰	۰	۱۴	۰	۰	۲۸	۰	۰	۵۶	۰	۰	۷۰	۰	۰	۲۱
۷	۵	۴	۱۴	۱۰	۸	۲۹	۵	۴	۵۸	۱۰	۸	۷۳	۵	۴	۲۲
۷	۱۰	۸	۱۵	۵	۴	۳۰	۱۰	۸	۶۱	۵	۴	۷۶	۱۰	۸	۲۳
۸	۰	۰	۱۶	۰	۰	۳۲	۰	۰	۶۴	۰	۰	۸۰	۰	۰	۲۴
۸	۵	۴	۱۶	۱۰	۸	۳۳	۵	۴	۶۶	۱۰	۸	۸۳	۵	۴	۲۵
۸	۱۰	۸	۱۷	۵	۴	۳۴	۱۰	۸	۶۹	۵	۴	۸۶	۱۰	۸	۲۶
۹	۰	۰	۱۸	۰	۰	۳۶	۰	۰	۷۲	۰	۰	۹۰	۰	۰	۲۷
۹	۵	۴	۱۸	۱۰	۸	۳۷	۵	۴	۷۴	۱۰	۸	۹۳	۵	۴	۲۸
۹	۱۰	۸	۱۹	۵	۴	۳۸	۱۰	۸	۷۷	۵	۴	۹۶	۱۰	۸	۲۹
۱۰	۰	۰	۲۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۸۰	۰	۰	۱۰۰	۰	۰	۳۰

اوقات صلوٰۃ خمسہ باقوال ائمہ اربعہ

ھُوَاللّٰہُ اللَّطِیْفُ الْغَنِیُّ ۔ ابتدائے وقت نماز صبح صادق سے ہے مگر حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اسفار یعنے روشنی مین صلوٰۃ الفجر کا ادا کرنا بہتر ہے اور انتہائے وقت تا بقربت طلوع آفتاب جیسا کہ فتوی درمختار مین مرقوم ہے وقت صلوٰۃ الفجر من اول طلوع فی الثانی قبل طلوع ذکاء وقت نماز صبح ابتدائے فجر ثانی سے قدرے پیشتر طلوع شمس ہے چنانچہ مؤلف نے وقت ابتدائے صبح صادق از روئے حساب جہان کہ وقت روزہ شروع ہوتا ہی اور صایم پر مسلہ حرمت خورد و نوش عائد اور وقت صبح کا تمام ہوتا ہے۔ بارہ مہینے کے نقشون مین لکھدیا ہے ناظرین اندازہ کرلینگے **بیان وقت ظہر** بعد ڈھل جانے آفتاب کے ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے۔ اور وقت اخیر سوائے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ائمہ ثلثہ کے نزدیک سایہ اصلی کے سوا ایک سایہ تک ہے اور امام اعظم رح کے نزدیک دو سایہ تک۔ جیسا کہ فتوی مذکور مین لکھا ہے وقت صلوٰۃ الظہر من زوالھا الی بلوغ الظل مثلیہ سوی فیٔ الزوال یعنے وقت ظہر کا زوال آفتاب سے سوائے سایہ اصلی کے ہر شئے کے دو سائے تک ہے مطابق قول امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ **بیان وقت عصر** اور وقت عصر کا اختلاف مذکور سے شروع اور تھوڑا پیشتر غروب آفتاب تک ہے فتوی مین مذکور ہے وقت العصر منہ الی قبیل الغروب یعنے وقت عصر کا وہان سے تا بغروب آفتاب ہے بقول امام اعظم رح **بیان وقت مغرب** وقت نماز مغرب غروب آفتاب سے شروع ہوتا ہے اور تا بعدم شفق انتہا ہوتا ہے اسیطرح فرمایا ہے جملہ ائمہ رحمہم اللہ تعالےٰ نے مگر حضرت امام اعظم رح کے نزدیک غائب ہونے شفق ابیض یعنے سفیدی تک ہے **بیان وقت عشا** نماز عشا اور وتر کا وقت بعد غائب ہونے شفق کے شروع ہوتا ہے اور صبح صادق تک رہتا ہے۔ جیسا کہ فتوی مین مرقوم ہے۔ وقت العشاء والوتر منہ الی الصبح یعنے عشا اور وتر کا وقت وہان سے صبح صادق تک ہی۔ واضح ہو کہ مؤلف نے ابتدائے وقت عشا حنفی و شافعی بارہ مہینے کے نقشون کے ساتھ مفصل لکھا ہے اور اندازہ حساب ہر دو وقت مین جتا دیا ہے جیسا کہ مصنف شامی نے حاشیہ درمختار مین تحریر فرمایا ہے ان التفاوۃ بین الفجر وکذا بین الشفقین الاحمر والابیض انما ھو بہ ثلاثہ درج یعنے تحقیق فرق درمیان دو فجر کے دن اور ایسا ہی درمیان دو شفق سرخ و سپید کے سوائے اسکے نہین کہ وہ تین درجہ کا ہے اور درجہ از روئے حساب پانچ دقیقہ ہوتا ہے تو تین درجہ تک تخمیناً پندرہ دقیقے ہوئے لہٰذا بحساب مذکور وقت عشا ہر دو قول پر اطلاعاً لکھا گیا وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابُ

تشریح مجمل ابجد

چونکہ زبان عربی و فارسی بلکہ کل زبانین بھی انہین ابجد کے کلمون سے مترتب ہین اور حساب اعداد تاریخ وغیرہ کا مرجع یہی ہین لہٰذا اسکا مجمل بیان یہان لکھا جاتا ہے کہ جناب اکرم حضرت آدم علیہ السلام نے نئے سات لفظ تصنیف کئے ابتث۔ جحخد۔ ذرزس۔ شصضط۔ ظعغف۔ قکلم۔ نوھی اسکا نام ابجد آدم ہے اور ہرمس الہرامسہ حضرت اخنوخ یعنے ادریس علیہ السلام نے انکو ترتیب دیکر آٹھ لفظ با معنے بنائے وہ یہہ ہین (۱) ابجد ای بدی وجد فی المعصیۃ یعنے میرا باپ جو آدم تھا اوس سے گناہ صادر ہوا (۲) ہوز۔ اتبع ھواہ یعنے پیروی کی خواہش نفس کی (۳) حطی۔ ای حط ذنبہ بالتوبۃ والاستغفار یعنے کم کیا گیا گناہ اوسکا بسبب توبہ اور استغفار کے (۴) کلمن ای تکلم بکلمہ فتاب علیہ بالقبول والترحم یعنی کلام کیا ساتھ کلمے کے پس قبول ہوئی توبہ اوسکی سعفص ای صاق علیہ الدنیا فافیض علیہ یعنے تنگ ہوئی دنیا اوپر اوسکے قرشت ای اقر بذنبہ فشرف بالکرامۃ یعنے اقرار کیا اپنے گناہ کا پھر بزرگی پائی۔ ثخذ ای اخذ من اللہ القوۃ یعنے اللہ تعالےٰ سے قوت حاصل کی ضظغ ای سد عنہ نزغ الشیطان بالعزیمۃ یعنے بند ہوا اوس سے مکر شیطان کا ساتھ عزیمہ کے یعنے کلام حق اور توحید سے حدول

حروف مفرد مع قیمت ابجد کے یہ ہین

حروف	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
قیمت	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
قیمت	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

بچون کے نام رکھنے کی ترکیب معلوم ہو کہ اگر کسی صاحب کے گھر فرزند پیدا ہو تو اوسکا نام رکھنے کیلئے ہفتہ کے شب و روز مین جو ستارے کے موجب نکلتے ہین وہ نام لکھے گئے ہین اب چاہیے کہ جس شب و روز مین لڑکا یا لڑکی پیدا ہو اوسی شب و روز کے خانے مین دیکھکے جو مناسب جانین وہ رکھین جو ذیل مین لکھے گئے ہین

ہفتہ کے شب و روز

یہ خانے لڑکون کے نام کے ہین

روز جمعہ	شب جمعہ	روز پنجشنبہ	شب پنجشنبہ	روز چہارشنبہ	شب چہارشنبہ	روز سہ شنبہ	شب سہ شنبہ	روز دوشنبہ	شب دوشنبہ	روز یکشنبہ	شب یکشنبہ	روز شنبہ	شب شنبہ
محمد	محمد	آدم	آدم	علی	عبداللطیف	اسمٰعیل	محمد	محمد	محمد	اسمٰعیل	داؤد	عبداللطیف	علی
آدم	احمد	محمود	ابوبکر	عثمان	زین العابدین	اسحٰق	موسیٰ	احمد	احمد	ابراہیم	سلیمان	عبدالرحمٰن	عبداللہ
جعفر	صادق	قاسم	عمر	صوفی	شرف الدین	یعقوب	ہارون	حامد	عثمان	احمد	اسمٰعیل	عبدالغفور	ابراہیم
یونس	اسمٰعیل	علی	ابراہیم	عبداللہ	حسن	علی	ابراہیم	محمود	قاسم	قاسم	ابوبکر	یوسف	یونس
حسین	نقی	عباس	عبدالرحمٰن	شریف	حسین	یوسف	اسحٰق	طیب	حسن	سلیمان	عمر	عبدالمطلب	عبدالرحمٰن
علی	نقی	حسن	اسمٰعیل	حسن	اسمٰعیل	حمزہ	عبداللہ	طاہر	عیسیٰ	علی	عبداللہ	قاسم	داؤد
عباس	عباس	ابراہیم	ادریس	حسین	ابراہیم	قادر	باقر	شعیب	موسیٰ	یوسف	عبدالوہاب	علی	حسن
یحییٰ	صالح	ادریس	یونس	صالح	نوح	جعفر	یعقوب	یعقوب	نوح	ابوبکر	عثمان	یونس	
موسیٰ	آدم	یوسف	صالح	اسمٰعیل	عمر	سعید	اسمٰعیل	شفیع	ابراہیم	عمر	عبدالرزاق	داؤد	
ابراہیم	جعفر	عبداللہ	یعقوب	نوح	نقی	حسن	ایوب	نقی	سعید	عبداللہ	عبداللطیف	عبدالقادر	
الیاس	یونس	عبدالرحمٰن	محمود	ایوب	نقی	حسین	عبدالستار	علی	یٰسین	عثمان	محی الدین	عبدالکریم	
یونس	یوسف	عبدالوہاب	عبدالغفور	داؤد	آدم	یونس	آدم	اسحٰق	یونس	داؤد	شفیع	عبدالرحیم	
یوسف	زکریا	عبدالکریم	داؤد	زکریا	عبدالستار	عباس	سعید	نوح	حامد	موسیٰ	آدم	عبدالرزاق	
ہارون	عباس	یحییٰ	زکریا	ابراہیم	عبدالحی	ابوبکر		قاسم	محمود	ایوب	طاہر		
زکریا	ابراہیم	عبدالغنی	عثمان	عیسیٰ	علی	عمر		عثمان		عیسیٰ	یوسف		
عبدالقادر	باقر	عبدالشکور		ابوبکر	عثمان	عثمان		حسن		یحییٰ	الیاس		
عبدالحی		ابوبکر				احمد		عبداللہ		زکریا			
عبدالغنی		عمر				ابراہیم				ہارون			
اسحٰق		حمزہ				عبدالستار				صالح			
عثمان		عبدالرحیم				عبدالعلی				سعید			
ابوبکر		عبدالغفور				عبدالغفار				عبدالستار			

یہ خانے لڑکیون کے نام کے ہین

روز جمعہ	شب جمعہ	روز پنجشنبہ	شب پنجشنبہ	روز چہارشنبہ	شب چہارشنبہ	روز سہ شنبہ	شب سہ شنبہ	روز دوشنبہ	شب دوشنبہ	روز یکشنبہ	شب یکشنبہ	روز شنبہ	شب شنبہ
شریفہ	مریم	کلثوم	خدیجہ	عائشہ	مومنہ	خدیجہ	حوا	فاطمہ	لطیفہ	آمنہ	حفیظہ	مریم	مریم
ہاجرہ	فاطمہ	خدیجہ	حبیبہ	فاطمہ	عائشہ	مریم	عائشہ	آمنہ	فاطمہ	حفیظہ	حوا	شریفہ	لطیفہ
مریم	خدیجہ	مریم	لطیفہ	حبیبہ	لطیفہ	حافظہ	آمنہ	ام سلمہ	صابرہ	زینب	آمنہ	زینب	شریفہ
زلیخا	شمس النسا	لطیفہ	جمیلہ	زینب	شریفہ	کلثوم	خدیجہ	حمیدہ	خیرالنسا	عائشہ	رابعہ	کلثوم	طاہرہ
حوا	عائشہ	حبیبہ	عابدہ	مریم	حبیبہ	عزیزہ	کلثوم	طیبہ	حبیبہ	خدیجہ	زینب	صفیہ	صابرہ
حلیمہ	صابرہ	عائشہ	عزیزہ	رابعہ	حلیمہ	سلمہ	عفیفہ	طاہرہ	شریفہ	حلیمہ	خدیجہ	خدیجہ	حلیمہ
عابدہ	رابعہ	عابدہ	مریم	مومنہ	عزیزہ	عفیفہ	صابرہ	عابدہ	بدرالنسا	حوا	عائشہ	نجم النسا	عائشہ
آمنہ	بدرالنسا	حلیمہ	حوا	رقیہ	عزیزہ	زہرہ	عزیزہ	حبیبہ	رقیہ	حبیبہ	مریم	ہاجرہ	عابدہ
طاہرہ	حلیمہ	عزیزہ	عائشہ	حوا	میمونہ	جمیلہ	رقیہ	صابرہ	صفیہ	زلیخا	میمونہ	حوا	
عزیزہ	حوا	حوا	حلیمہ	جمیلہ	ام سودہ		ام سلمہ	عائشہ	شمس النسا		زہرہ	رقیہ	
ام سودہ	آمنہ	آمنہ	آمنہ	خیرالنسا	حفصہ		میمونہ	کلثوم	حفصہ		ہاجرہ	زلیخا	
حفصہ	ام سلمہ	صابرہ	شریفہ	کلثوم	آمنہ		جمیلہ		آمنہ		بدرالنسا	حلیمہ	
خدیجہ	جمیلہ	جمیلہ	فاطمہ	زلیخا			حفصہ		کلثوم		شمس النسا	میمونہ	
خیرالنسا		فاطمہ					زینب				رقیہ	عائشہ	
فاطمہ		رابعہ					صفیہ				فاطمہ		
		ام سلمہ					فاطمہ				حفصہ		





نام کواکب سیارہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
مقام	فلک ۷ ساتواں	فلک ۶ چھٹا	فلک ۵ پانچواں	فلک ۴ چوتھا	فلک ۳ تیسرا	فلک ۲ دوسرا	فلک ۱ پہلا
مالک یوم	سنیچر	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	پیر
خواص	خاکی	آتشی	آتشی	آتشی	بادی	بادی	آبی
رنگ	سیاہ	زرد	سرخ	طلائی	سپید	فیروزی	سبز
حروف	اب ج د	ہ و ز ح	ط ی ک ل	م ن س ع	ف ص ق ر	ش ت ث خ	ذ ض ظ غ
موکل	جبرائیل	میکائیل	عزرائیل	اسرافیل	صورائیل	یوحائیل	اسمائیل
مالک برج	جدی۔ دلو	قوس۔ حوت	حمل۔ عقرب	اسد	ثور میزان	جوزا۔ سنبلہ	سرطان
اشرف	۲۱ درجہ میزان	۱۲ درجہ سرطان	۲۸ درجہ جدی	۱۹ درجہ حمل	۲۷ درجہ حوت	۱۵ درجہ سنبلہ	۳ درجہ ثور
ہبوط	۲۱ درجہ حمل	۱۵ درجہ جدی	۲۸ سرطان	۱۹ میزان	۲۷ سنبلہ	۱۵ حوت	۳ عقرب
اشکال	[illegible]	[illegible]	م	✡	ھ	[illegible]	۱۱آ
وبال	سرطان اسد	سنبلہ جوزا	ثور میزان	دلو	حمل عقرب	قوس حوت	جدی
تعداد برج	دو سال آٹھ ماہ	ایک سال ایک ماہ	یوم ۴۵	۲۹۔۳۰۔۳۰۔۱۰ ایام	۲۵ سے ۳۰ یوم	۱۴ یوم	دو یوم آٹھ گھنٹے
مالک اقلیم	ہندوستان	چین	ترکستان	خراسان	ماوراءالنہر	روم	بلغار

علم قیافہ مع نقشۂ کفدست

مخفی نرہے کہ ہاتھ کے خطوط اور شکلونکے جاننے کو قیافہ کفدست یا ہستا سامرک کہتے ہین اور علم قیافہ بھی ایک عمدہ اور پسندیدہ علم ہے جسمین کتاب نوشتہ قسمت حصہ اول لکھی گئی ہو اور دوسرا حصہ زیر تصنیف ہو شعر فراست دیدۂ دل برکشاید + ہر آن حالیکہ باشد وانماید پس اس نقشۂ کفدست مین، بڑے خط ہین جنکا مختصر بیان یہ ہو پہلا خط مقدس ہو جو بڑی انگلی اور خنصر کے نیچے ہوتا ہو اسکی ایک خاصیت کتاب مین لکھی گئی ہو دوسری خاصیت یہ ہے کہ یہ خط جسکے ہاتھ مین ہو اسکو علم حساب نہ آوے مگر بہت ہوشیار چالاک عیش وعشرت پسند ہو دوسرا خط حیات کا ہے اگر یہ خط صاف ہو مشتری کے نیچے پھٹ جاوے یا دوشاخہ ہو تو وہ خوش نصیب بستباز سکھی ہو۔ مچھلی کی شکل جسکے ہاتھ مین ہو تو وہ صاحب اولاد دولتمند سخی ہوگا۔ کار خیر زیادہ کریگا سیدھی اوسط لکیر کو دھن ریکھا کہتے ہین اسکے ہونے سے آدمی سردار و باوقار ہوگا اور تادم مرگ آسودہ حال رہیگا ترسول کا نشان ہونے سے



بزرگ خلایق ہوگا اگر نقش ترازو ہو تو تونگر سیٹھ مالدار ہو۔ اگر نقش آفتاب یا ماہتاب ہو تو والی ملک راجہ یا بادشاہ ہوگا ستارہ کا نشان ہو تو دلیل سعادت وعزت کی ہے۔ شکل عمارت چتر یا سکھ ہو تو سرداری ومخدومی حاصل ہو علم کی ریکھا پر قینچی یعنے کراس ہو تو پڑھتا جائے اور بھولتا جائے جو کا نشان ہے صاحب نصیب ہوگا اگر پدم کنول کا نشان ہو تو صاحب اقبال امیر ہوگا ذی علم رہیگا۔ اگر ہتھیلی مین سنکھ کا نشان یا خط شمس واضح رہے تو علم گھر پوچھتا آوے۔ اگر انگوٹھے کے پہلے حصہ مین گندم جو یا روپیہ صاف صاف نشان رہے تو اسکا جنم زائد النور مین ہوگا تمام عمر خوش گذران ہوگا۔ اگر کمان کا نشان ہو تو صاحب ہمت دلیر ہو۔ پھول کے نقش سے فارغ البال رہے بغیر محنت کے روپیہ ہاتھ آوے واللہ اعلم فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

جدول ساعات سبعہ سیارہ سعد و نحس ہر روز و شب

ایام		یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ
لیالی		شب پنجشنبہ	شب جمعہ	شب شنبہ	شب یکشنبہ	شب دوشنبہ	شب سہ شنبہ	شب چہارشنبہ
ساعت	۱	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد
ایضاً	۲	زہرہ ۔ سعد اصغر	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک
ایضاً	۳	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد
ایضاً	۴	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک
ایضاً	۵	زحل نحس اکبر	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد نیک	مشتری نیک	زہرہ نیک
ایضاً	۶	مشتری سعد اکبر	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد نیک
ایضاً	۷	مریخ نحس اصغر	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک
ایضاً	۸	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد
ایضاً	۹	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک
ایضاً	۱۰	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد
ایضاً	۱۱	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک	زحل بد	شمس نیک
ایضاً	۱۲	زحل بد	شمس نیک	قمر نیک	مریخ بد	عطارد میانہ	مشتری نیک	زہرہ نیک

ساعت ایک گھنٹے کا وقت ہی جو طلوع آفتاب سے شمار کیا جاتا ہی مشتری کی ساعت سعد اکبر زحل نحس اکبر ہی

نقشہ تاج محل ہوٹل متصل اپالو بندر بمبئی



ھو اللہ الخالق الملک الکبیر الحکیم

۱۳۳۲ ھ

حمد ہے سازوار رب جہان
اسم اللہ اوسکا ہے مشہور
ہے یہی اسم ذات حق کا جان
ہے یہ قرآن مین جابجا مذکور
اسکے ظاہر مین اور باطن مین
جس طرح ذات احدیت ظاہر
اسطرح اسکا اسم ذات اللہ
جتنے ہین نام سب ہین ہی موجود
یعنے ہر ایک نام ہے مظہر
جملہ اشیا کے لے عدد وبار
تین سے ضرب کرکے حاصل کو
جوکر باقی رہے گا قسمت سے
حاصل ضرب ہی عدد مطلوب
جیسے محبوب کے عدد مطلوب
اسکا دو چند ایک سو سول ۱۱۶
تین سے ضرب گر کرین یکبار
چھ سے تقسیم جب کیا تو رہے
ساٹھ پر چھ ہوئے عدد حاصل
اسطرحسے ہر ایک چیز کا نام
گر بہ چشمان دل مین جز دوست

جسکے اسما کا ہے ظہور یہان
جامع کل صفات ہے وہ ضرور
اسم اعظم بھی ہے یہی پہچان
اور ہے ہر ایک اسم مین مستور
پانچ عدد دوائرہ ہین گر سمجھین
ہے ہر ایک چیز اسکا ہے مظہر
ہے ہر ایک اسم مین خدا ہی گواہ
دیکھ لین اس حساب سے مشہود
قاعدہ اسکا ہے یہی بہتر
یک عدد اسپہ کر زیادہ شمار
چھ سے تقسیم کر ہمیشہ تو
بیس پر دو سے اوسکو ضرب کرے
یعنے اللہ شصت وشش ۶۶ محبوب
جملہ پنجاہ ۵۰ وہشت مین محبوب
یک زیادہ کرین تو ہو سترہ
ہو سنہ ۳۵۱ صد اور اکاون اسکا شمار
تین بائیس سے ضرب کرلے
اسم اللہ کے ہین عدد کامل
دیکھین تحقیق کرکے خاص وعام
ہر چہ بینی بدان کہ مظہر او ست

اشرف الخلق رحمت عالم
ہو صلواۃ وسلام حق سے مدام
اونکے پہلے خلیفہ ہین صدیق رض
دوسرے ہین عمر رض بن الخطاب
تیسرے نامدار ہین عثمان رض
چوتھے حضرت علی رض ہین شیر خدا
اب کرون حال شہر کچھ ترقیم
وجہ تسمیہ ہے یہی بمبئی
ممبا دیوی کا دیر ہے پہچان
اس سے مشتق ہے بمبئی مشہور
پیا دھونی ہے لفظ ہندی زبان
پائے دھونی پہ اب ہوا موقوف
مشتہر ہے دوکان اور اظہر
طالبون کو ہے جو کتب مقصود
قاضی عبدالکریم ہین مالک
یہہ پتہ مختصر ہے بس کافی
شائق بمبئی جدید وقدیم
کیونکہ یہہ گائیڈ ہے بہت ہی خوب
کشف ہوا اس سے سب مقام وحال
گر ہے تاریخ شہر کا طالب

خاتم المرسلین شفیع امم
آل واصحاب پر بھی انکے تمام
ساری امت سے پہلے ہین تصدیق
زیب اسلام ہین وہ عالیجناب
ہین بلاشک وہ جامع القرآن
ہو سلام خدا سبھونپہ سدا
بمبئی کی ہے یہہ بڑی تقویم
مرہٹی نام وہی تھا ممبئی
پائے دھونی سے سمت مغرب جان
ایشیا مین جزیرہ معمور
پاؤن دھونی کے معنی اسکی جان
ہے قریب دوکان وہ معروف
ساٹھ پر پانچ ۶۵ جسکا ہے نمبر
سب کتابین یہان پہ ہین موجود
صاحب خلق عابد وسالک
مانڈوی ڈاکخانہ ہے نامی
بمبئی کی یہہ ہے بڑی تقویم
رہنما شہر کی ہے یہہ مصحوب
اور مزارات صاحبان کمال
نیچے مرقوم ہے بیان غالب

مختصر تاریخ شہر بمبئی

حقیر فقیر عبید اللہ الحکیم محمد غالب مؤلف و مصنف بڑی تقویم شائقین علم نجوم کی خدمت مین عرض کرتا ہے کہ علاوہ علم نجوم کے یہہ تقویم ایک بہتر گائیڈ بھی ہے ہر مسافر سیاح و شائق بمبئی کے لیئے اسکا مطالعہ ضروری ہے تاکہ کل سیر گاہوں عمارتون وغیرہ سے آگاہی ہے اور کیون نہو کسی جگہ کی سیر کا لطف بھی بغیر وہان کی رہنمائی (گائیڈ) کے حاصل نہین ہوتا پس جو لوگ بمبئی کی سیر سے لطف اُٹھانا چاہین وہ اس تقویم کو پاس رکھین تاکہ خود جاکر سیر کرسکین۔ بمبئی ملک انڈیا کے اندر ایک عظیم الشان شہر ہے جو مغربی ہندوستان کا سب سے بڑا بندرگاہ اور احاطہ بمبئی کا دار الخلافہ ہے اس مشہور شہر کو بعض لوگ وسعت آبادی عمارات وغیرہ کے لحاظ سے کلکتہ کے بعد نامور سمجھتے ہین لیکن یہان کی خوبصورتی اور سمندر کا نظارہ موسم کی یکرنگی وغیرہ سے یہ کلکتہ پر سبقت لیجاتا ہے انگریز سیاح بمبئی کو ہند کا دروازہ یا ہندوستان کی جان کہتے ہین اور کیون نہو کہ جان کے عدد بھی بمبئی کے برابر آتے ہین۔ اس شہر کے بارہ اسٹیشن ہین بائیکلہ۔ گرانٹ روڈ۔ چرچ روڈ۔ مرین لائن۔ چرچ گیٹ اسٹریٹ۔ مہالکشمی ہریل۔ انفنسٹن روڈ دادر۔ وکٹوریہ ٹرمنس یعنے بوری بندر قلابہ وغیرہ بمبئی مین مسافر خانہ جناب سیٹھ اسمٰعیل صاحب اور مسافر خانہ حجاج جناب سیٹھ محمد حاجی صابو صدیق صاحب مرحوم جو کرافٹ مارکٹ کے قریب شرق طرف ہے قابل تعریف و لایق دید ہے جسکا بیان اگلی تقویمون مین ہوچکا ہے سلسلہ کے لیئے گذشتہ تقویمون مین ملاحظہ فرماوین ہندو کے واسطے کئی ایک دھرم سالے بنے ہین جنمین سے ایک جو حال مین بنایا گیا ہے ہیرا باغ کہلاتا ہے یہہ سیٹھ مانک جی کا بنایا ہوا ہے اپنے والد کی یادگار مین ہے جنکا نام سیٹھ ہیرا چند جی تھا اسکی تعمیر مین قریب سوا لاکھ روپیہ کے خرچ ہوا ہے یہان پر ہر مذہب کے ہندو کو ایک ہفتہ تک ٹہیرنے کی اجازت ہے اسکے قریب دوسرا بڑا دھرم سالہ بھی ہے جسے مادھو باغ کہتے ہین اسمین سوائے جین مذہب والونکے سب ہندو لوگ قیام کرسکتے ہین جنکو یہان ٹہرنا ہو انکو چرنی روڈ کے اسٹیشن پر اُترنا چاہیے یہان ہندوؤنکے کھانا کھانے کی سینکڑون دوکانین ہین جنپر ہندو اوپچار گرہ لکھا ہوتا ہے۔ اس شہر کے سب بازار لمبے اور کشادہ بھی ہین سب سے مشہور بازار اسپلینیڈ مین کرافٹ مارکٹ بازار ہے جسکا بیان گذشتہ تقویم مین لکھا گیا ہے راستہ اور بازار کے دونون جانب اونچے اونچے مکان عالیشان آسمان سے باتین کررہے ہین جن مین زیادہ کام پتھر کا ہے سڑکون پر ٹراموے کی دوہری لین ہے اور بازوؤنمین گاڑیون کی آمد و رفت کے لیئے پکی سڑکین بنی ہوئی ہین بازارونمین ہروقت لوگون کا وہ اژدحام اور دھوم دھام ہے جسکا دیکھنے سے تعلق ہے ایک طرف سے اگر ہوا کی طرح ٹرموے اُڑی آتی ہے تو دوسری طرف سے پون پون کرتی ہوئی موٹر کار دوڑی جاتی ہے تیسری طرف گاڑی والا اپنی صدائے ہے با جو لگارہا ہے چوتھی طرف بائیسکل والون کی ٹناٹن آواز ہے چلنے والون کو راستہ نہین ملتا ہے جب ذرا آنکھین اُٹھاکر اوپر کیطرف دیکھتے ہین تو تار و نکے جال تنے ہوے نظر آتے ہین یہہ تار کچھ ٹرام کے اور کچھ بجلی کے روشنی کے چند بجلی کے پنکھون کے اور تھوڑے ٹیلیفون کے باقی ٹیلیگراف کے ہین ایک ایک تار کے کھنبے کو اسی اسی نوّے نوّے تار لگے ہوئے ہین دوکانین قسم قسم کے سامان سے بھری پڑی ہین یہہ شہر کیا ہے بھول بھلیان ہے خواہ کسی طرف سیر کرتے چلے جاؤ یکسان بازار یکسان دوکانین یکسان مکانات دیکھکر حیرت ہوتی ہے راستے یہان کے عجیب قسم کے ہین کہ ابھی آپ ادہر سے جائین اور دوبارہ آئین تو پہچان نہین سکتے ہین ہر بازار ہمیشہ رشک گلزار رہتا ہے مشہور بازارون کے نام یہہ ہین۔ نل بازار۔ بھولیشور مارواڑی بازار۔ موتی بازار اونگلی مارکیٹ بازار جامع مسجد بازار کپڑے کا بازار۔ ممبا دیوی بازار۔ کالبا دیوی بازار چور بازار۔ پائے دھونی بازار وغیرہ ہر دوکان اور بڑے مکان مین بجلی کی روشنی ہوتی ہے بڑی بڑی دوکانون اور دفترونمین بجلی کے پنکھے چلتے ہین حجامت بال بنوانے کی بھی بڑی دوکانین ہین دھوبیون کے بھی بڑی دوکانین موجود ہین جنپر لوگ کپڑے دیکر رسید لیجاتے ہین اور چار پانچ روز بعد آکر دُھلے ہوئے کپڑے جو نمبروار رکھے ہوتے ہین رسید واپس دیکر لیجاتے ہین دُھلائی فی کپڑا ایک آنہ ہوتی ہے۔ یہان کی پوسٹ آفس قابل دید اور ڈاک کا انتظام بہت اچھا ہے خطون کے صندوق سے ہر گھنٹے ڈاک نکالی جاتی ہے اور تقسیم ہوتی رہتی ہے اس شہر مین بہت سے بڑے بڑے تالاب اور ہر مذہب کے مندر ہین۔ جینیون کے ایک مندر مین پرتماکو سوا لاکھ روپیہ کے خرچ سے جواہرات کا ایک جامہ پہنایا ہوا ہے جسکی ہروقت حفاظت کرنی پڑتی ہے سمندر کے کنارے خاصا روڈ بنایا گیا ہے اور لوگون کے بیٹھنے کے لیئے بینچین (تختے) بنے ہوئے ہین رات کو برقی روشنی ہوتی ہے اور شام کے وقت لوگون کا بڑا مجمع رہتا ہے ہزارون آدمی سمندر کی سیر کو آتے ہین گاڑی اور موٹر وغیرہ قطار باندھکر کھڑی ہوتی ہین وکٹوریہ گاڑی بند گاڑی کثرت سے نظر آتی ہین کھلی جگہ مین لیکچرار لیکچر دینے لگتے ہین اور پارسی لوگ سمندر کے عین کنارے پر کھڑے ہوکر دُعا مانگتے اور تسبیح پڑھتے ہین اکثر سمندر کے پانی کو آنکھونسے لگاتے ہین غرضکہ سمندر کے کنارے ہر روز خوب چہل پہل رہتی ہے اور سمندر کے کنارے کنارے کئی ایک معمولی بندر بنے ہوئے ہین جو گودی کہلاتے ہین اونپر پاسنجر اور مال کے جہاز آکر ٹہرا کرتے ہین انکے نام یہہ ہین اپولو بندر یعنے پالوہ بندر جسکا بیان گذشتہ تقویم مین ہوچکا۔ بلیٹ پائیر۔ پرنسز ڈاک وغیرہ ہین۔ پرنسز ڈاک سب سے بڑا بندر ہے جسکا پلیٹ فارم بہت دور تک بنایا گیا ہے سینکڑون جہاز ہروقت یہان کھڑے رہتے ہین لاکھون من مال اُترتا چڑھتا ہے ایشیا بھر مین اس سے بڑی کوئی جگہ نہین ہے ہر قوم اور ملک کے لاکھون آدمی یہان رہتے اور کام کرتے ہین گویا یہہ ایک علٰحدہ شہر بسا ہوا ہے ایک سرکاری گودی ہے جسمین جنگی جہاز رہتے ہین یہان بھی ہزارون آدمی ملازم ہین اپولو بندر مین سواریان اُترتی اور چڑھتی ہین اسکے سامنے تاج محل ہوٹل کی عمارت ہے جسکا نقشہ صفحہ ۹ مین دیا گیا ہے جو سات منزل اونچی اور ہندوستان کے سب ہوٹلون سے بڑی ہے گو کہ باہر سے بھی عمارت بڑی شاندار ہے لیکن اسکے اندر کا ساز و سامان قابل دید ہے تفصیل اسکی طول ہے وال کیسر جسکو بال کیسر بھی بولتے ہین چوپاٹی سے اسطرف سمندر کے کنارے ایک بستی کا نام ہے جسکا ذکر مفصل اگلی تقویمون مین لکھا گیا ہے یہان ایک تالاب ہے جو بال گنگا کہلاتا ہے اور اسکے قریب بال کیسر مہادیو کا مندر ہے اس سے تھوڑے اوپر ایک پہاڑی چوٹی ہے جسے مالا بار ہل یعنے ملباری پہاڑی کہتے ہین چونکہ یہہ مقام بلند سرسبز دریا کنارے ہے اسلیئے فرنگی لوگون کی کوٹھیان اکثر اسی جگہ بنی ہوئی ہین اور گورنر صاحب بمبئی بھی اسی جگہ تشریف رکھتے ہین یہان کے ایک تالاب پر چھت ڈالکر سطح زمین ہموار بنالی گئی ہے اور اوپر باغ ہے اسکا مفصل بیان گذشتہ تقویمون مین ملاحظہ فرماوین بمبئی مین ناٹک تماشے بہت سے ہین کچھ گرانٹ روڈ پر اور کچھ میدان کی طرف انمین اردو اور گجراتی تماشے

ہر روز ہوتے ہین وکٹوریہ باغ عجائب باغ ہی جسمین ہر قسم کے درخت لگے ہین چڑیا خانہ اور عجائب گھر بھی اسی مین ہی - بمبئی مین صدہا کارخانے اور بڑی بڑی ملین ہین جنمین کپڑا وغیرہ تیار ہوتا ہی ریشم کی ایک مل جو خاص بمبئی شہر مین ہی قابل دید ہی اسمین ریشم کی ساڑیان دوپٹے وغیرہ تیار ہوتے ہین اور قریب ایک ہزار آدمی کے اسمین کام کرتے ہین فورٹ یعنی قلعہ مین بڑی بڑی انگریزی کمپنیان سوداگرون کی کوٹھیان بنک کارخانے ہین چیف کورٹ بھی یہین ہی قلعہ کی دیوارین تو پہلے وقتون مین تھین اب مسمار ہو گئین اب یہہ روڈ (سڑک) قلعہ کے نام سے مشہور ہی یہہ سڑک بڑی دور یعنے قلابہ تک چلی گئی ہی اسکے دونون طرف بڑی بڑی عالیشان عمارتین ہین اس بڑے راستہ پر کرشن آئیل اسفلٹ وغیرہ کا چھڑکاؤ ہوتا ہی جس سے گرد وغیرہ بالکل نہین رہتی اخبار (ٹائمس آف انڈیا) بمبئی جو انگریزی تصویر دار اخبار ہفتہ وار مشہور ہے اور ہندوستان مین سب سے بڑا اخبار سمجھا جاتا ہی اسکا دفتر بھی اسی جگہ ہی سالانہ قیمت بارہ روپیہ ہی اسمین انگریزی کتب خانہ اور بڑی آفس ہی ہزارہا آدمی اسمین کام کرتے ہین ولایتی ڈاک اور ہندوستانی فوج کے جہاز بمبئی سے ہی آتے جاتے ہین ریل کے ذریعہ ہندوستان کے سب حصون سے ملی ہی قلعہ کے پاس دوسری ٹکسال ہے جسمین ڈالر روپیہ گنی پیسے بڑی صفائی اور خوش اسلوبی کے ساتھ تیار ہوتے ہین بازار کی طرف ایک بڑا احاطہ بیمارون اور جانورون کے رہنے کے واسطے بنایا ہوا ہی جسکو پنجرا پول بولتے ہین یہہ جینون نے کھول رکھا ہی اور اسکا خرچ بھی انکے ذمہ ہی یہان جانورون کا علاج اچھا ہوتا ہی اور انکو ہر قسم کے آرام دینے کی کوشش کیجاتی ہی ایلیفنٹا غار اور اسکے دیول یہہ بمبئی کے مشہور عجائبات سے ہی دریا کے کنارے پہاڑ کھود کر بنائے گئے ہین بمبئی سے سات میل کا فاصلہ ہی دخانی کشتی مین بیٹھکر جانا پڑتا ہی بڑا مندر قریباً ۱۳۰ فٹ لمبا چوڑا ہی اسکے تمامی ستون ۲۶ تھے انمین سے آٹھ شکستہ ہین اور اب سولہ نیم ستونون پر قایم ہے بلندی مین قریب ۱۰ سے ۱۹ فٹ تک ہین مندر کے اندر تری مورتی کا ایک بت ۱۹ فٹ بلند بنا ہوا ہی اور اسکے دونون طرف بارہ فٹ بلند دربان کھڑے ہین وسط مین ایک لنگ بھی ہی تری مورتی کے مشرق کی طرف کمرے مین شیو کی ایک تصویر مرد و عورت کی بنی ہوئی ہی اسکے گرد کئی بڑی بڑی تصویرین رکھی ہوئی ہی تری مورتی بت کے مغربی کمرہ مین شیو اور پاروتی کے دو تصویر ہین یہہ مندر فرقہ سیوا کا ہی اور بہت پرانا ہی بمبئی شہر مین خاکروب مہترون سے غلاظت میلا اٹھوانے کا دستور نہین ہی تمام شہر کی نجاست نلون کے ذریعہ سمندر مین جا پڑتی ہی بڑی بڑی نل نجاست کے زمین کے اندر ہی اندر بہتے ہین انکی بدبو باہر نکلنے کے لئے کوئی جگہ نہین ہوتی بو زمین ہی مین سمائی رہتی ہی اور یہی سبب ہی کہ کبھی بازارون مین سے گذرتے وقت نامعلوم بدبو معلوم ہوتی ہی اور یہہ بھی ایک سبب طاعون پلیگ کا ہی یہان لنگڑے اور معذور فقیر بھکاری جا بہت دیکھنے مین آتے ہین پارسی یزدان پرست لوگ بھی بہت خیرات کرتے ہین اور مالدار ہین آبادی انکی یہان بہت ہی اور یہہ لوگ یہان کی زینت اور خوبصورتی کا باعث ہین یون تو یہان ہر قوم و ہر ملک کے باشندے دیکھنے مین آتے ہین مگر زیادہ آبادی گجراتی مرہٹے مارواڑی پارسی بوہرے اور مسلمانون کی ہی زبان اکثر گجراتی اور اردو بھی بولی جاتی ہی ٹرام پر ایک مقام سے دوسرے مقام کو جانے کے لئے کم از کم ایک آنہ فی آدمی دینا پڑتا ہی اور برقی ٹرام سے ذرا اور اسی پر بعد آتی جاتی رہتی ہی ٹرام مین اسباب رکھنے کا حکم نہین ہے - بمبئی سے چند مشہور شہرون کا فاصلہ اور کرایہ ریل تیسرے درجہ کا حسب تفصیل ذیل ہے -

فاصلہ بمبئی	بمبئی سے دوسرے مقامات	میل ٹرین گھنٹہ	میل ٹرین منٹ	پسنجر ٹرین گھنٹہ	پسنجر ٹرین منٹ
۳۷۶	بمبئی سے واڈی	۳	۴	۱۳	۵
۳۹۱	حیدرآباد دکن	۶	۵	۶	۷
۷۱۴	بجواڑہ جنکشن	۱۱	۷	۴	۱۰
۸۴۸	کوکناڈا	۰	۱۲	۵	۱۲
۱۱۶۲	لاہور براستہ ناگدہ متھرا وغیرہ	۹	۱۲	۵	۱۶
۱۲۴۴	لالہ موسیٰ	۸	۱۳	۹	۱۷
۷۹۴	مدراس	۵	۸	۸	۱۱
۳۵۱	رائچور	۱۱	۳	۹	۴
۸۴۹	دہلی	۱	۸	۱	۸

حل مضامین اسلامی بڑی تقویم

یعنے بارہ مہینے کی جدول مین تاریخ نچھتر وغیرہ دیکھنے کا قاعدہ

پہلا خانہ چاند کی اسلامی تاریخ کا ہی جو جلی قلم ہے دوسرا خانہ انگریزی تاریخ کا ہے تیسرا خانہ ہندی مہینے اور تعلق تاریخون کا ہے جسکو تتھ بکسر تین کہتے ہین ہر ایک تتھ کا ایک نام ہی مثلاً اپروا ۱ دوج ۲ وغیرہ انکی خاصیت آگے بیان ہوگی چوتھا خانہ فصلی الٰہی حیدرآبادی تاریخون کا ہی پانچوان خانہ فصلی اکبری تاریخون کا ہی چھٹا خانہ پارسی شہنشاہی سن اور قدیمی تاریخون کا ساتوان خانہ پارسی قدیمی نوروزی تاریخون کا ہی آٹھوان خانہ دریا کی بھرتی بمبئی کا نوان خانہ ابتدائے وقت صبح صادق دسوان خانہ طلوع آفتاب بمبئی گیارھوان خانہ زوال آفتاب بمبئی بارھوان خانہ غروب آفتاب بمبئی تیرھوان خانہ وقت عشا شافعی چودھوان خانہ وقت عشا حنفی پندرھوان خانہ طلوع آفتاب کلکتہ سولھوان خانہ غروب آفتاب کلکتہ سترھوان خانہ طلوع آفتاب مدراس اٹھارھوان خانہ غروب آفتاب مدراس انیسوان خانہ قیام قمر و ہر نچھتر کا ہی یعنے چاند اس منزل مین داخل ہو کر اتنی گھڑی اور پل تک رہتا ہی مثلاً غرہ محرم یکشنبہ کو قمر ریط ۱۹ یعنے انیسوین منزل مین داخل ہوا ہی اور ۱۰ گھڑی تک رہیگا وہان سے دوسرے نچھتر مین جائیگا ایک روز مین دو دو نچھتر بھی آتے ہین مثلاً ۲۱ محرم شنبہ کو یانچھتر یعنے گیارھوان نچھتر ایک گھڑی کو آخر ہو کر یب شروع ہوتا ہی اور دن رات گذر کر صبح تک رہتا ہی اسیطرح دوسری منزلون مین قمر کو خیال کرین ہندسہ کے پاس جو نقطہ ہی وہ اشارہ آدھی گھڑی کا ہے جسکے ۳۰ پل ہوتے ہین جو خط کہ ہندسہ کے نیچے ہی اسطرح ہی وہ علامت پاؤ گھڑی یعنے ۱۵ پل کی ہی آگے ہر ایک نکشتر کی خاصیت مع نقشہ قمر لکھی گئی ہی تاکہ شائقین کو معلوم رہے کہ کس نچھتر مین کونسا کام کرنا بہتر و مناسب ہی اور نام تاریخی نچھتر سے نام اس بھی معلوم ہو جاتا ہی تتمہ مقدم ہے

احکام اختیارات تتھ

بارہ مہینے کی جدول مین جو تیسرا خانہ ہندی مہینے اور اوسکی تاریخون کا ہے اونکے نام اور خاصیتین بیان لکھی جاتی ہین ایک مہینے کی. ۳۰ تتھ ہین گر انکی مطابقت تیس دنون سے نہین ہوتی۔ ایک روز مین دو دو تتھ بھی آتی رہتی ہین اور تیسری تتھ بھی شروع ہوسکتی ہے ہر مہینے کی جدول مین تیسرا خانہ تتھ یعنے تلنگی تاریخون کا ہے جبکا سنہ سموت یعنے وکرمارک اور سکا بدھا یعنے سالیواہن دونون مروج ہے جدول تتھ مع خاصیت یہہ ہے

تاریخ ہندی	نام تتھ	زائد النور سدی پروا مع خاصیت
۱	پروا	نحس ہے کاروبار کو نکاح کو بد ہے سفر منع
۲	دویا	مبارک ہے شادی سفر جملہ امور کو
۳	تدیا	مبارک ہے سب کامون کو
۴	چوتھی	نکاح بہتر نصف آخر بد ہے
۵	پنچمی	شادی سفر تمام کاروبار کو خوب ہے
۶	سشٹی	بد ہے کاروبار کو
۷	سپتمی	شادی سفر اور سب کامون کو نیک ہے
۸	اشٹمی	بد ہے کاروبار کو نحس ہے نکاح کو سفر کو
۹	نومی	نیک ہے شادی کو بد ہے سفر اور دوسرے کامونکو
۱۰	دسمی	مبارک ہے شادی سفر اور سب کامون کو
۱۱	ایکادسی	اچھا ہے کاروبار کو
۱۲	دوادسی	نامبارک ہے شادی سفر اور دوسرے کامونکو
۱۳	تریودسی	لائق ہے کاروبار سفر کو
۱۴	چتردسی	نامبارک ہے شادی سفر وغیرہ کو
۱۵	پونم	شادی سفر کو نحس ہے نئی کاروبار کو نیا نیا سبق پڑھنا منع ہے

تاریخ ہندی	نام تتھ	ناقص النور بدی پروا مع خاصیت
۱	پاڈی می	بد ہے شادی و سفر کو۔ میانہ دوسرے کامون کو
۲	دویا	نیک ہے سفر اور دوسرے کامون کو
۳	تدیا	مبارک ہے سفر وغیرہ دوسرے کامون کو
۴	چوتھی	بد ہے شادی وغیرہ دوسرے کامون کو
۵	پنچمی	نیک ہے سفر وغیرہ دوسرے کامون کو
۶	سشٹی	نامناسب ہے سب کاروبار کو
۷	سپتمی	بہتر ہے سفر اور دوسرے کامون کو
۸	اشٹمی	نحس ہے جملہ امور اور سفر کو
۹	نومی	نامبارک ہے سب کامونکو سفر کو
۱۰	دسمی	نیک ہے بعضے کامون کو
۱۱	ایکادسی	بہتر ہے اکثر کامون کو
۱۲	دوادسی	نامبارک ہے اکثر کامون کو اور سفر کو
۱۳	تریودسی	نیک ہے شادی سفر سب کامون کو
۱۴	چتردسی	میانہ ہے شادی کو نحس ہے اور کامون کو
۱۵	اماوس	ہر ایک کام اور نیک کاروبار کے لئے بد اور نحس ہے۔

چنانچہ آجکل اس روز دوکان بند کرنے کا رواج ہے۔

تتھ یعنی تلنگی تاریخ ہے جو اہل خواص سے واسطے انجام ہر امر کے مقدم ہے اسکے بعد نچھتر کی خاصیت دیکھتے ہین اور روز کا بھی لحاظ رکھتے ہین جب ہر طرح سے ساعت نیک ٹھہرتی ہے تو یہ سعد اکبر ہے اور یہ امر اتفاقی ہے جب کسی کام کیلئے روز و تتھ سعد اور نچھتر نحس ہو تو پہلے کو بہتر سمجھتے ہین اور اسی پر دارومدار ہے ہندی نجومون کے نزدیک تتھ کی پانچ قسمین ہین پہلی نندا دوسری بھدرا تیسری جیا چوتھی رکتا پانچوین پورنا اکا شمار پروا سے پنچمی تک ہے پھر سشٹی سے نندا کا آغاز ہے الی آخرہ پس قسم نندا اول یعنے سدہ پروا مین نیا سبق پڑھنا بسم اللہ خوانی کرنا منع ہے جیا دوم رکتا دوم بھدرا سوم سفر کے لئے نحس اکبر ہے

احکام بست وہفت نچھتر ہندا یعنی اختیارات منازل قمری

ا-۱ اسونی نچھتر جب چاند اس نچھتر مین رہتا ہے واسطے سند نشینی نکاح و شب عروسی وغیرہ سب کامون کو نیک ہے اگر بدر یعنے پورنماشی ہو تو شب عروسی کیلئے زیان ہے اس سال مین خطرہ جان ہے اگر اس منزل مین بچہ کی پیدائش ہو تو فرزند خوبصورت جسیم ہوشیار و دولتمند محسن ہو مگر پریشان رہے نام راس بچہ کی پیدائش کا یہہ ہے۔ چوبدار خان۔ لعل احمد۔ لطیف الدین۔ چھوٹی بی۔ لعل بی وغیرہ

ب ۲ بھرنی۔ جب قمر اس نچھتر مین رہتا ہے زمین کھودنے نیو رکھنے حمام کرنے آگ جلانے گشتی چلانے جڑی بوٹی نکالنے کو بہتر ہے۔ نکاح و شب عروسی کو نامبارک ہے مگر جب بدر یعنی پورنماشی ہو خاوند کی بدحالی ہو اس منزل کی پیدائش مین مولود عقلمند راست گو خوبصورت نیک سیرت ہو اسکا نام نکشتر۔ لیاقت حسین۔ لطافت حسین۔ لیزم خان وغیرہ۔

ج ۳ کرتی کا جب چاند اس نچھتر مین رہتا ہے تخم ریزی چاہ کھودنے پکوان کرنے سواری وغیرہ کو خوب ہے جب اسمین بدر یا استقبال نظر ہو شب عروسی جلوہ دلھن کو گھر لانا مردون کے لئے باعث مسرت و لذت ہے اس نچھتر کی پیدائش والا محنتی ہوشیار بخیل و بدکردار گردن پر کچھ نشان ہو نام نچھتر آسمان جاہ عاقل علی۔ آباد خان۔ علی خان۔ امیر علی۔ امانت علی۔ عطا حسن۔ آمنہ بی۔ عائشہ بی۔ اقبال احمد۔ اقبال علی۔ الٰہی بخش۔ اسمٰعیل خان۔ امداد علی۔ علم الدین۔ عثمان خان۔ علیم اللہ۔ عین الدین۔ عیسیٰ۔ ایلیا وغیرہ۔

د ۴ روہنی جب چاند اس نچھتر مین رہتا ہے شادی۔ نکاح۔ جلوہ وغیرہ سب کامون کو نیک ہے اگر اس وقت بدر ہو تو صرف جلوہ و شب عروسی کو منع ہے مواصلت موجب زحمت ہے اس منزل مین جو فرزند تولد ہو صاحب دولت عقلمند نرم گفتار نیک کردار ہو نام راس واجد علی۔ ولی محمد۔ ولایت حسین۔ وصی الدین۔ وارث علی۔ واحد النسا وغیرہ۔

ھ ۵ مرگسرا یہ نچھتر شادی بیاہ کرنے علم سیکھنے زراعت عمارت باغ نصب کرنے سفر کرنے کو خوب ہے اس روز پورنماشی ہو تو شادی نامبارک ہے اس منزل کی پیدائش مین مولود دلیر دولتمند ہو ہوشیار چالاک مزاج خودغرض رہے نام وقار علی۔ کاظم حسین کرم الدین۔ کریم النسا۔ کریم خان۔ کاتب علی۔ کفایت علی وغیرہ۔

١١١ اردو

و ۶ آردرا یہ نچھتر کسی کام کے شروع کرنے بچہ کو گہوارہ مین
ڈالنے نیا کپڑا پہننے وغیرہ کو نیک ہے مگر شادی بیاہ شب عروسی
جلوہ کو اگر اسروز پورا چاند ہو تو نحس ہے۔ بیماری و تکلیف کا سامنا ہوگا
اس نچھتر کا مولود چالاک خود پسند فضول خرچ متکبر ہوگا سانپ کا خوف
رہیگا نام مولود کلثوم بی۔ غالب علی۔ غریب میان۔ قنبر علی وغیرہ اسی نچھتر سے منسوب ہین

ز ۷ پونروسو جسکو عربی مین ذراع کہتے ہین قطع برید نیا کپڑا
پہننے منڈن حجامت عقیقہ پشکرم میلہ سفر و غسل صحت وغیرہ
کو نیک ہے جب اس روز بدر ہو تو شب عروسی سے لڑکا عقلمند پیدا ہو
مولود خوبصورت سرد مزاج اپنے قبیلہ مین سرافراز غریب پرور خوش مزاج
ہو لڑائی فساد مین نہ جاوے ورنہ ضرب پہنچے دراز عمر پاوے نام نکشتر
ہادی علی۔ حسن علی۔ حامد علی۔ حسن احمد۔ ہدایت اللہ۔ ہدایت النسا۔ حلیمہ بی وغیرہ

ح ۸ پشمی بالضم جسکو نثرہ کہتے ہین تخت نشینی علاج۔ دھو
منڈن یعنے عقیقہ وغیرہ سفر کرنے کو اچھا ہے بدر پشمی سے
لڑکی پیدا ہوگی مولود ہوشیار زاہد عقلمند ہو ورد شکم فساد معدہ سے
تکلیف پاوے اگر عمر طبعی کو پہنچے تو ۷۷ سال تک زندہ رہے اسی کو
پکھ نچھتر بھی کہتے ہین نام پیدائشی ہو د۔ ہما خان۔ حور النسا۔ حوران بی وغیرہ

ط ۹ آسلیشا جب قمر اس نچھتر مین ہو جانور خریدنے
گھر باندھنے غسل صحت کرنے ختنہ وغیرہ کو نیک ہے سفر کو بہتر
نہین شادی شب عروسی موجب خانہ جنگی ہے ڈیل ڈول کے لفظ پر نام
راس یاد رکھین اس منزل کی پیدائش مین مولود متلون مزاج جسکا مزاج
ایک بات پر قایم نہو۔ خود غرض سرخ رنگ زبان دراز ہو شکم یا سر پر
خال رکھے دراز عمر پاوے۔

ی ۱۰ مگھا بروزن قبا ہے یہ نچھتر سحر افسون خریدی
جانور غسل صحت وغیرہ کو بہتر ہے شادی نکاح بھی ضرورت پر
فائدہ مند ہے اس منزل کی پیدائش مین مولود ہمیشہ خوشحال شیرین
مقال ہے محبت پرور صاحب ہنر ہو دو تین مرتبہ بیماری سے آفت پائے
دشمن زہر بھی کھلائے نام پیدائش اس نکشتر والے کا ماجد حسین۔ مجید
حسن۔ مریم بی۔ میر حسن۔ میران بخش۔ مقصود علی۔ مرزا احمد۔ مرزا حسین
مصباح الدین۔ مظہر حسن صاحب۔ میران بی۔ مراد علی۔ منور خان۔ مصاحب
علی۔ مبارک شاہ۔ مہر علی وغیرہ۔

یا ۱۱ پوبھا نچھتر خریدی مراکب و معاملہ سواری اسپ وغیرہ کو بہتر ہے
مگر نکاح و سفر کو بہتر نہین اگر اس روز بدر ہو تو شادی شب عروسی کو
بہتر ہے اس منزل کی پیدائش مین مولود خوش مزاج عزت دار ہوشیار ہو ایک سال مین
بیماری اُٹھائے پانی سے خطرہ رہے دراز عمر پاوے نام نکشتر مولا بخش۔ محمد
حسین۔ محمد خان۔ موتی جان۔ وغیرہ مناسب تر ہین۔

یب ۱۲ اُترا بروزن ستھرا شادی بیاہ
رسومات نکاح ملاقات امرا و وزرا برید و پوشش لباس
غسل زچہ سفر وغیرہ کو اچھا ہے بدر منزل صرفہ مین تزویج بُرا ہے مولود سرخ
رنگ عقلمند عالی خیال باکمال ہو جسم پر خال یا داغ رکھے ایک مرتبہ
بیماری کا صدمہ اُٹھائے پھر دراز عمر پائے نام راس پاشا صاحب۔ پاچھا بی۔
پاشا خان۔ پیر صاحب وغیرہ

یج ۱۳ ہستا یعنے عوا نچھتر زراعت و تجارت شروع کرنے
شادی بیاہ جلوہ دینے سفر کرنے مکان بنانے کو نیک و مبارک
ہے قطع برید پوشش جامہ وغیرہ کو بھی نیک ہے اگر اس روز پورا چاند ہو تو
شادی موجب جدائی ہے مولود خود پسند مگر دولتمند ایک مرتبہ بیماری سخت
اُٹھائے پھر دراز عمر پائے نام راس شاہدین۔ شاہ احمد۔ شرف الدین
خادم حسین۔ خالد شریف۔ خدیجہ۔ شاکر احمد خاتون بی۔ قادر علی۔ قادر
خان۔ خانم بی۔ نادان بی۔ نادر علی۔ قاسم احمد۔ قاسمہ بی
نجم الدین۔ ناصر خان۔ نواب جان وغیرہ۔

ید ۱۴ چترا یا چترا نچھتر عقیقہ کرنے نئے گھر مین جانے
علاج وغیرہ کو مبارک ہے سفر نکاح شادی کو بہتر نہین مگر اس
روز بدر ہو تو نیک ہے تخت نشینی نام رکھنے قطع برید جامہ نو وغیرہ کو نیک ہے
مولود میانہ قد کشادہ سینہ صاحب ہمت دولتمند ہو دو مرتبہ بیماری سخت
اُٹھائے سفر مین رنج و تکلیف پاوے پھر عمر دراز کو پہنچے نام راس راج احمد۔
راج النسا۔ رشاد خان۔ رشید رضا۔ رحیم بخش۔ رحمت اللہ۔ رؤف احمد
رفیع الملک وغیرہ۔

یہ ۱۵ سواتی یعنے غفر عمارت بنانے درخت لگانے نئے
گھر مین جانے شادی نکاح رسم کرنے کو سعد و مبارک ہے بدر
بھی اسعد ہے مولود ہوشیار ایماندار دوستدار شکر گذار ہو عمر دراز پاوے
نام راس روشن علی۔ روپوش خاتون۔ روزہ خان۔ تبارک حسن تجمل حسین

یو ۱۶ وسا کھا یعنے بسا کھا نچھتر جسکو عربی مین زبانا کہتے
ہین جب قمر اس نچھتر مین رہتا ہے درخت لگانے زیور بنانے زراعت
کاٹنے کو نیک ہے شادی بیاہ اور سفر کرنے کو نحس ہے خاصکر جب بدر اس
منزل مین ہو شادی بربادی خاوند کی زوالی کا اندیشہ ہے اس نچھتر کے
چوتھے چرن سے برج عقرب شروع ہوتا ہے وہ زمانہ ابتدائی
نحوست کا ہے مولود خوبصورت کشادہ سینہ ہوشیار دولتمند
ہو دسن سال مین ایک بار بیماری کی سختی اُٹھائے لڑائی فساد سے
باز رہے دراز عمر پائے نام راس تیرہ بخت۔ تیر خان۔ تزک امیر
تیر بخش۔ تیغ بہادر۔ تیغ علی۔ تیغ احمد وغیرہ۔

یز ۱۷ انورادھا یہ نچھتر نقل و تحویل تجارت بیوپار
اور دوسرے کاروبار کو نیک ہے سفر شادی بیاہ کو
بھی خوب ہے اگر اسروز بدر ہو تو سفر شادی بیاہ جلوہ رسم نکاح وغیرہ خوب
نہین یہ منزل قلب عقرب ہے منجمین اسلام اسکو نحس سمجھتے ہین خاصکر جب
روز و تاریخ بھی موافق نہو جیسا کہ یہ شعر ہے۔

چون قمر آید بہ عقرب ہیچ کاری اندران
چون نکاح و چون سفر ہرگز مکن یابی زیان



خاصیت قمر در عقرب

مولود بہت خوبصورت نیک سیرت ایماندار ہوشیار ہو عمر دراز پاوے نام نچھتر نذیر احمد۔ نازنین جان۔ نازک بی۔ ننھی جان۔ نیلم جان۔ نور احمد۔ نور الدین۔ نثار صاحب۔ نعمت اللہ صاحب۔ نصر اللہ خان۔ نعمت خان نیاز علی۔ نظام الدین۔ نور اللہ وغیرہ۔

یح ۱۸ جیشٹھا تجارت و معاملہ شروع کرنے تعلیم نقاشی وافنون کے لئے بہتر ہی شادی سفر میانہ بدر ہو تو نیک ہو مولود خوبصورت دراز بینی شکم پر خال دار ہوشیار ہو عورت سے تکلیف پاوے نام نچھتر یار احمد۔ یاور محمد۔ ایلیا۔ اقبال حسین۔ الیاس۔ یوسف علی یہی حرف اس نچھتر کے تیسرے چرن سے منسوب ہی

یط ۱۹ مولا چاہ کھودنے تعلیم علم و فن شادی کتخدائی زراعت و عمارت کو خوب ہی اگر بدر ہو تو شادی بیاہ کیلئے منحوس ہی اسکے پہلے چرن سے برج قوس شروع ہوتا ہی اس نچھتر کی پیدائش مین مولود جسیم سیاہ رنگ متکبر مزاج اپنے قبایل مین عزیز ہو دو مرتبہ بیماری سے خطرہ ہی عمر دراز ہو نام مولود از روئے سر حرف بابا احمد۔ بشیر الدین بہاؤ الدین۔ بادل خان۔ بی جان بی۔ بہلول۔

ک ۲۰ پوروا شاڈھا جب قمر داخل منزل رہتا ہی مشکیزہ کا کھیت لگانے موتی مونگا وغیرہ خریدنے اور دوسرے کاروبار کو بھی خوب ہی مولود خوبصورت گورا رنگ دراز قد ہوشیار خوش گذران رہے ایک بار بیماری سے سخت ایذا اور جانور کے ضرب سے خطرہ ہو عمر طبعی ۶۸ کو پہنچے نام مولود اول چرن بوطالب۔ برہان الدین۔ فاطمہ۔ فرید خان۔ فتح محمد۔ فتح النسا بیگم وغیرہ

کا ۲۱ اترا شاڈھا یہ نچھتر تخت نشینی غسل چہ بسم اللہ خوانی موتراشی زراعت عمارت بنانے شادی رسم پھول پہنانے اور شب عروسی وغیرہ کو خوب ہی اسکے دوسرے چرن سے برج جدی شروع ہوتا ہی مولود خوش چہرہ دراز بینی عقلمند چالاک عالم بے باک بیماری سے خطرہ کسی ضرب سے اندیشہ رہے عمر دراز پائے اسم مولود بے ریا صاحب۔ بیدیا بینوا خان۔ جمیلہ خاتون۔ جمال الدین۔ ضیاء الدین احمد۔ جیوا خان۔ ضمیر الدین ظفر احمد۔ جنت حسین۔ جان محمد۔ ظہیر الدین۔ زینب بی وغیرہ

کب ۲۲ سراون عمر مکان۔ بالاخانہ بنانے بنیاد بلند کرنے سفر جانے زراعت تخم ریزی تخت نشینی نام رکھنے نیا کپڑا پہننے کو خوب ہے شادی جلوہ مبارک ہو خوشی حاصل ہو مولود خوبصورت صاحب علم و فہم ہو راگ رنگ سے شوق رکھے عمر دراز پاوے نام راس خردمند خان خرم علی۔ خوب النسا۔ خوبان بی۔ قدرت اللہ۔ قربان علی وغیرہ۔

کج ۲۳ دھنشٹھا تجارت شروع کرنے نئے مکان مین جانے سفر کرنے نیا کپڑا پہننے زراعت کرنے اور دوسرے کاروبار کو بھی خوب ہی اس نچھتر مین قمر ہو یا بدر سعد مقدر ہی مولود مالدار وفا شعار ہو دو مرتبہ سخت بیماری اٹھاوے کسی ضرب سے صدمہ پہنچے عمر دراز پاوے نام راس غالب خان۔ گھاسی خان۔ غلام علی۔ غیرت خان۔ غلام حسین۔ گلاب خان۔ گل حسن گیسو دراز خان۔ گلاب جان وغیرہ۔

کد ۲۴ ست بھشم کوئی عمارت مکان خریدنے زمین فروخت کرنے اور جانوروں کی خریداری شادی اور رسومات وغیرہ کو خوب ہی مولود خوبصورت کھلا رنگ دراز بینی مالدار سخی ہو نام راس گوہر خاتون۔ گوہر جان۔ گوری بی۔ سالار علی۔ ساران بی۔ سالار خان۔ سبحان علی سہراب خان۔ سعد اللہ خان۔ سلطان علیخان۔ سکندر خان۔ وغیرہ

کہ ۲۵ پوروا بھادرا تخم ریزی زراعت فنون تجارت شروع کرنے چاہ کھودنے علاج وغیرہ کیلئے بہتر ہی۔ جب بدر پوروا بھادرا اترا بھادرا نچھتر مین ہوتا ہی اسوقت عورت سے مواصلت مانع حمل ہی اولاد نہو مولود دراز قد سانولا رنگ زبان دراز چالاک دولتمند چہرہ پر نشانی رکھے بیماری زہر خوانی سے اندیشہ عمر زیادہ پاوے نام مولود سیب خان۔ دلوا صاحب دادی بی۔ داؤد خان۔ دلاور خان۔ دیوان محمد وغیرہ

کو ۲۶ اترا بھادرا نقل و تحویل عمارت غسل زچہ وغیرہ کو خوب ہی شادی نکاح و رسومات کو بھی نیک ہی اگر سفر کی ضرورت ہو تو کرے مولود اکثر خوشحال رہے گا سخی ہوگا نام مولود دُرباز خان دونی جان۔ سیاوش خان۔ پاچھا خان۔ پاچھا بی۔ چاند خان۔ چاند بی دور اندیش خان۔ چراغ الدین۔

کز ۲۷ ریوتی بروزن سیوتی یہ آخری نچھتر ہے جب قمر یا بدر اس منزل مین ہو شادی و کتخدائی کرنے رسومات نکاح غسل زچہ تخت پر بیٹھنے جامہ نو بریدہ و پوشش کرنے جلوہ دینے پھول پہنانے شب عروسی زفاف سفر کرنے کو بہت خوب وقت ہے مولود خوبصورت مالدار سخی ہوگا اگر دوسرے چرن مین پیدائش ہو تو بدمعاشی اختیار کرے تیسرے چرن پر بدکردار ہو چوتھے چرن والا متقی پرہیزگار بنے نام نچھتر دین حسن۔ دوست محمد۔ چاند خان۔ چاند بی۔ چہرہ خان۔ چمن شاہ۔ چلم شاہ وغیرہ تشریح منازل قمری کی مع تصاویر بڑی تقویم سنہ ۱۳۱۹ھ مین لکھی گئی ہے۔

تقویم قمری ۱۱۰ سال آئندہ کی سنہ ۱۳۲۹ ہجری سی سنہ ۱۴۳۹ھ تک جدول ذیل سے دریافت فرماوین

جدول اوّل

خانہ اول	خانہ دوم	خانہ سوم	خانہ چہارم	خانہ پنجم	خانہ ششم	خانہ ہفتم
۱۳۲۹ھ	۱۳۳۰ھ	۱۳۳۱ھ	۱۳۳۲ھ	۱۳۳۳ھ	۱۳۳۴ھ	۱۳۳۵ھ
۱۳۳۷ھ	۱۳۳۸ھ	۱۳۳۹ھ	۱۳۴۰ھ	۱۳۴۱ھ ۱۳۳۶ھ	۱۳۴۲ھ	۱۳۴۳ھ
۱۳۴۵ھ	۱۳۴۶ھ	۱۳۴۷ھ	۱۳۴۸ھ	۱۳۴۹ھ ۱۳۴۴ھ	۱۳۵۰ھ	۱۳۵۱ھ
۱۳۵۳ھ	۱۳۵۴ھ	۱۳۵۵ھ	۱۳۵۶ھ	۱۳۵۷ھ ۱۳۵۲ھ	۱۳۵۸ھ	۱۳۵۹ھ
۱۳۶۱ھ	۱۳۶۲ھ	۱۳۶۳ھ	۱۳۶۴ھ	۱۳۶۵ھ ۱۳۶۰ھ	۱۳۶۶ھ	۱۳۶۷ھ
۱۳۶۹ھ	۱۳۷۰ھ	۱۳۷۱ھ	۱۳۷۲ھ	۱۳۷۳ھ ۱۳۶۸ھ	۱۳۷۴ھ	۱۳۷۵ھ
۱۳۷۷ھ	۱۳۷۸ھ	۱۳۷۹ھ	۱۳۸۰ھ	۱۳۸۱ھ ۱۳۷۶ھ	۱۳۸۲ھ	۱۳۸۳ھ
۱۳۸۵ھ	۱۳۸۶ھ	۱۳۸۷ھ	۱۳۸۸ھ	۱۳۸۹ھ ۱۳۸۴ھ	۱۳۹۰ھ	۱۳۹۱ھ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

جدول سوم دنون کے نام اور اون کی تاریخین حسب ذیل ہین

شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ
یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ
دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ
سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ
چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ
پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ
جمعہ	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ
۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵

چوتھی تاریخ کو ہوتا ہے اور شاذ و نادر ۲۹ یا ۳۰ روز چاند کی یا ابر غبار وغیرہ کے سبب جو رویت ہلال میں فرق ہو ایک روز کی کمی بیشی بھی ہو جاتی ہے اور علاوہ اس قاعدہ کے رجب کے مہینے کی چوتھی اور شعبان کی دسوین ایک ہی دن ہوتی ہے رمضان المبارک کی پہلی تاریخ اور بقرعید کا غرہ بھی ایک ہی روز ہوتا ہے عید الفطر اور محرم کی دسوین ایک ہی روز ہوتی ہے

قاعدۂ عجیب و غریب زبانی تقویم سال بھر کی کہ جسکا ماہ محرم کی پہلی سات تاریخون سے تمام سال کی زبانی جنتری بتلا دینا یکم محرم اور یکم شوال ایک ہی روز ہو۔ دوم محرم اور یکم جمادی الثانی ایک روز اور یکم ذیقعدہ بھی اسی روز آئے سوم محرم اور یکم صفر اور یکم رجب ایک ہی دن واقع ہو۔ چہارم محرم اور یکم ربیع الاول اور یکم ذی الحجہ ایک ہی دن پنجم محرم اور یکم شعبان ایک ہی دن ششم محرم اور یکم ربیع الثانی یکم رمضان

[redacted]

سوکلا ایک ہے ہردوسن ہندوستان ودکہن مین مشہور ہین اسکی تاریخ
جدول مین تیسرا خانہ تتھ ہے۔ ابتدائی سن یزدجردی ۱۲۸۴ سنہ ۲۱ شوال
شنبہ کو شروع ہوتا ہی غرہ ماہ کارتک ۱۹۷۱ سنہ بکرمی گجراتی ۲۹ ذی القعدہ
شنبہ مطابق ۲۰ اکٹوبر کو شروع ہوتا ہی غرہ حمل ۱۳۴۳ سنہ محمدی شمسی ۲۵ ربیع الآخر
دوشنبہ ۲۳ مارچ کو شروع ہوتا ہی ۱۶۳۱ سنہ قبطی مصری شمسی ہی جسکا ہرماہ تیس روزہ مثل
یزدجردی پارسی کے ہے اسوقت ۲۲۲۶ سنہ رومیہ ہی ۵۶۷۵ سنہ عبری یہودی ہے تاریخ
مہاراجہ جدہشتر ہستناپور مین اختلاف ہی اسی مہاراجہ کو تلنگی مین یودہشٹیر ا
عرف دہرماراجہ کہتے ہین۔ اجات سترو اور سلیاری بھی اسیکا نام ہی کہتے ہین کہ
یہہ کل ہندوستان کا مہاراجہ تھا چنانچہ سن اسکا ۳۰۴۶ سنہ ہے ۵۰۱۵ سنہ طوفانی
نوح علیہ السلام کا ہی اور یہی زمانہ کلی یوگ کا بھی ہے ۲۵۷۴ سنہ جاپانی قران قرن
۵۶ ۴ ہ چینی قدیمی سے ۸۸ وان سال حال ہی ۱۰۸۹ سنہ کولا ماندو ملباری موجود
ہے زمانہ اسکندر ثانی سے اسوقت ۲۲۲۶ سنہ سکندری ہی زمانہ بخت نصر شاہ اور
دانیال نبیؑ سے ۲۶۶۰ سنہ وان سال ہی ۳۷۳۶ سنہ ابراہیمی ہے تاریخ راجہ بھوج سے
۱۸۵۶ سنہ ہی ۱۹۵۶ سنہ اسنکر آچاری پیشوا از قوم برہمن ہے پرتاب رودرا مہاراجہ ورنگل
کا سن ۵۹۲ سنہ روان حال ہی ۴۹ سنہ طوفانی مچھلی بندر ہے جسکی ابتدا یکم نومبر یکشنبہ
۱۸۶۴ سنہ ء مطابق ۲۹ جمادی الاول ۱۲۸۱ سنہ ہجری سے ہے اور سن پیدائش دنیا

سنہ ۱۹ ۵۵۸۸۵۰۱۵ پیدائش دنیا ہے

واللہ اعلم وعلمہ احکم

بیان پیدائش انسان ومدت تربیت کواکب آسمان

چونکہ بنائے آفرینش انسان سات قوتون پر ہی جو منسوب سبعہ سیارہ سے ہین
اور حالت شکم مادری مولود کی گذشتہ تقویم ۱۳۳۰ سنہ ھ مین درج ہوچکی اور جسوقت
کہ مولود شکم مادر سے زمین پر گرا ایک حال عظیم سے دوسرے حال عظیم تر مین آیا
پس یہی وقت ولادت اصل عظیم ہے مولود کے لئے۔ تصویر مولود وقت کی یہ ہی



جب مولود وجود مین آیا مدت
چہار سال شمسی تک زمانہ تربیت
قمر کا ہی اور قمر متغیر احوال عالم ہے
پس اتنے عرصہ تک مولود کی
مدت وحیات کا اعتبار نہین
ہے بعد اوسکے دس برس تک
مدت تربیت عطارد ہے بعد اسکے
آٹھ برس تک مدت تربیت زہرہ
ہے بعد اسکے اُنیس ۱۹ برس تک
مدت تربیت آفتاب ہے بعد
اسکے بارہ ۱۲ برس تک مدت
تربیت مشتری ہے بعد اوسکے آخر مدت تک تربیت زحل ہے
تفصیل اوسکی یہہ ہے

کوکب القمر بارد رطب سعید وھو خاص بالصبیان
ولہ قوۃ تامۃ پس چونکہ قمر آبی ستارہ اور سریع السیر ہی غذائے مولود بھی تر ہوتی ہی اور
رغبت اسکی طرف آبی چیزون کے مثل لبنیات شیر وانواع میوہ جات
خوش تاثیر کے ہوتی ہے اور لحظہ بہ لحظہ حال اسکا بدلتا رہتا ہے۔

پس جب عطارد مستولی ہوجاتا ہے وھو کوکب المنقلب فیہا امور غریبۃ واسرار عجیبۃ
چودہ برس تک قوت فہم اسمین پیدا ہوجاتی ہی اور روز بروز ترقی کرتی
ہی اور تعلیم موثر ہوتی ہی نیک و بد کو پہچاننا شروع کرتا ہی اور علم وادب سیکھنے لگتا ہی پس چودہ برس
کے بعد زہرہ مستولی ہوتا ہے۔

الزہرہ نجم سعیدۃ واکثر قواھا اللتی تفردت بہا اللعطف
بائیس برس تک زہرہ کا عمل رہتا ہی نطیفہ کا پیدا ہونا اسمین آغاز ہوتا ہی
اور شہوت ہونے لگتی ہی خوراک لذیذ وپوشاک نفیس طلب کرتا ہی اور حسن وعشق اسمین پیدا ہوتا ہی
عاشق ومعشوق ہوجاتا ہی اور عاقبت اندیشی نہین کرتا۔

الشمس ھی سلطان الفلک ولہا اعمال فی الھیبۃ پس بعد بائیس برس کے
اکتالیس سال تک آفتاب مستولی ہوتا ہی تب مزاج مین اسکے قوت اور تعلی بزرگی
پیدا ہوتی ہی اور لہو ولعب کو ترک کرکے بزرگی وعظمت صیانت وحفاظت کو چاہتا ہے
اور رغبت طرف خیرات اور امور آخرت کے کرتا ہے

المریخ اعمالہ اکثرھا فی لفاء ولہ فی المہابۃ والعزاء امور عجیبۃ پس اکتالیس برس کے بعد باون برس تک مریخ
قایم ہوتا ہے اس عرصہ مین بخل وحرص اسمین پیدا ہوجاتی ہے اور سختی ودرشتی
کرنے لگتا ہی اور عاقبت اندیشی کرتا ہی اور کم شہوت ہوجاتا ہے۔

المشتری وھو سعید ولہ باب القرب والمعارف باون
برس کے بعد چونسٹھ برس تک مشتری مستولی ہوتی ہی اس عرصہ مین اپنی نیک
نامی کا خواستگار ہوتا ہی امور دینی مین کوشش کرتا ہی اور خود کو واسطے امور نیک کے مستعد کرتا ہی

الزحل وھو کوکب بارد نحس مفسد یدل علی الخراب چونسٹھ
برس کے بعد آخر عمر تک ۱۲۰ زحل مستولی ہوتا ہی مزاج اس شخص کا سرد ہوجاتا
اور شہوت ولذت جاتی رہتی ہی اور نیند اسکی سبک ہوجاتی ہی اور حرکت ساتھ دشواری کے
کرتا ہی تنہائی کو پسند کرتا ہی اور اس جہان سے اس جہان کی طرف جاتا ہے۔

اشعار

یہ عالم سرا ہی مسافر ہین ہم
اکڑتے تھے نخوت سے جتنے بشر
اگر قبر کھدوا کے دیکھو کبھی
توکچھ فرق معلوم دیگا نہ آہ

رہا نت نہین ہے کسی کا قدم
ملے خاک مین آخرش سر بسر
تو ہڈی گدا کی بھی اور شاہ کی
کہ تھا کون اسمین گدا یا کہ شاہ

تمنائے دنیا مین ہرگز نہ پھنس
یہ ہی چاندنی چارون کی ہی بس

یہہ منسوبات اول بن بابل کا ہی جسکو فرو اسفرو یعنے دسار نجومی قدیمی

کہتے ہین اور وساجنم ہجری علٰحدہ ہے جسکا گذشتہ تقویم مین بیان ہوچکا ہ

ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۳۲ھ کی انتہای سحری اور افطار کا وقت

بحکم آیت قرآنی وَکُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَی اللَّیْلِ انتہائے وقت سحری سے کھانا پینا موقوف کرنا چاہیئے کہ وہ ابتدائے صبح صادق کا وقت ہے اور انتہائے صبح کاذب ابتدائے صبح صادق ہے پس بحکم والسحور مایوکل فی السحر ہوالسدس الاخیر من اللیل یعنے کھانا سحری کا جو کھایا جاوے سحر مین وہ وقت رات شرعی کا پچھلا چھٹا حصہ ہے اور شب شرعی ابتدائے غروب آفتاب سے طلوع فجر تک ہوتی ہے اور سحری اُس وقت کو کہتے ہین جو رات کا آخری حصہ صبح صادق سے کچھ پہلے ہوتا ہے جسکا خلاصہ بیان گذشتہ تقویم سنہ ۱۳۳۲ھ مین ہوچکا ہو مگر بیان احتیاطاً کہ مبادا کوئی صبح صادق کو صبح کاذب سمجھے اور غفلت سے روزے مین خلل واقع ہو۔ وقت سحری کو ابتدائے صبح صادق سے چند منٹ قبل لکھا ہے اور وقت افطار غروب آفتاب سے مگر کامل غروب لکھا گیا ہے

جدول اوقات سحری اور افطار کی یہ ہے

نقشہ سیر دن	تاریخ رمضان ۱۳۳۲	تاریخ ہندی	تاریخ انگریزی	انتہائے وقت سحری کلاک	انتہائے وقت سحری منٹ	افطار کا وقت کلاک	افطار کا وقت منٹ
جمعہ	۰	۱	۲۴	۴	۱۴	۰	۰
شنبہ	۱	۲	۲۵	۴	۱۴	۶	۳۹
یکشنبہ	۲	۳	۲۶	۴	۱۵	۶	۳۸
دوشنبہ	۳	۴	۲۷	۴	۱۵	۶	۳۸
سہ شنبہ	۴	۵	۲۸	۴	۱۵	۶	۳۸
چہارشنبہ	۵	۶	۲۹	۴	۱۵	۶	۳۷
پنجشنبہ	۶	۷	۳۰	۴	۱۶	۶	۳۷
جمعہ	۷	۸	۳۱	۴	۱۶	۶	۳۷
شنبہ	۸	۹	۱ اگ	۴	۱۶	۶	۳۷
یکشنبہ	۹	۱۰	۲	۴	۱۶	۶	۳۶
دوشنبہ	۱۰	۱۱	۳	۴	۱۷	۶	۳۶
سہ شنبہ	۱۱	۱۲	۴	۴	۱۷	۶	۳۶
چہارشنبہ	۱۲	۱۳	۵	۴	۱۷	۶	۳۵
پنجشنبہ	۱۳	۱۴	۶	۴	۱۸	۶	۳۴
جمعہ	۱۴	۱۵	۷	۴	۱۸	۶	۳۳
شنبہ	۱۵	۱۶	۸	۴	۱۸	۶	۳۳
یکشنبہ	۱۶	۱۷	۹	۴	۱۹	۶	۳۲
دوشنبہ	۱۷	۱۸	۱۰	۴	۱۹	۶	۳۲
سہ شنبہ	۱۸	۱۹	۱۱	۴	۱۹	۶	۳۲
چہارشنبہ	۱۹	۲۰	۱۲	۴	۲۰	۶	۳۱
پنجشنبہ	۲۰	۲۱	۱۳	۴	۲۰	۶	۳۱
جمعہ	۲۱	۲۲	۱۴	۴	۲۰	۶	۳۱
شنبہ	۲۲	۲۳	۱۵	۴	۲۱	۶	۳۰
یکشنبہ	۲۳	۲۴	۱۶	۴	۲۱	۶	۳۰
دوشنبہ	۲۴	۲۵	۱۷	۴	۲۱	۶	۳۰
سہ شنبہ	۲۵	۲۶	۱۸	۴	۲۲	۶	۲۹
چہارشنبہ	۲۶	۲۷	۱۹	۴	۲۲	۶	۲۹
پنجشنبہ	۲۷	۲۸	۲۰	۴	۲۳	۶	۲۹
جمعہ	۲۸	۲۹	۲۱	۴	۲۳	۶	۲۹
شنبہ	۲۹	۳۰	۲۲	۴	۲۳	۶	۲۸

روزہ کب رکھنا چاہئے

بحکم حدیث شریف لاتصوموا حتی تروا الھلال جبتک ہلال کی رویت نہو روزہ رمضان نہ رکھو سو یہ حکم ۲۹ دن کے چاند کیلئے ہے کہ اس دن اکثر چاند رات مشتبہ ہوتی ہو خاصکر جب پروا کی ساعت ۲۹ گھڑی سے متجاوز ہو اسلیئے تقویمی حساب نجوم پر بلا رویت روزہ رکھنا جائز نہین ہو اس روز ایک معتبر گواہ کی شہادت ہلال رمضان کے بارے مین بحالت ابر مقبول ہے ۳۰ دن کا چاند تقویمی حساب سے یقینی ہو اس روز ابر رہی تو دیکھنے کی بھی ضرورت نہین پس جو لوگ پرہیزگار کہلانے کیلئے شک کے دن روزہ رکھ لیتے ہین وہ جائز نہین

لطیفہ منقول ہو کہ ایک احمق نے سُن رکھا تھا کہ چاند دیکھکر روزہ رکھنا پڑتا ہو وہ ایک ہفتہ تک گھر کے اندر ہی رہا باہر صحن مین نہ آیا ایک روز پہر رات گئے پیشاب کرنے کی حاجت ہوئی جب پیشاب سے فارغ ہوا تو چاند کا عکس نظر آیا بول اٹھا کہ مین آسمان کی طرف نہین دیکھتا تو روزہ رکھوانے کو زمین کی طرف آ دھمکے اچھا لو مین آنکھین بند کئے لیتا ہون دیکھتا ہی نہین۔

رمضان کیا مبارک مہینا ہو۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے شَھْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ یعنے یہ وہ مہینا ہے جسمین قرآن نازل ہوا اور حدیث شریف مین ہو کہ رمضان کے مہینے مین آسمان کے دروازے کھلجاتے ہین اور جہنم کے دروازے بند اور شیاطین قید ہوجاتے ہین اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَةُ الشَّیَاطِیْنُ یہ صحیح بات ہے کہ کسی شخص نے کہا تھا کہ ہم تو دیکھتے ہین کہ شیطان برابر اپنا کام کئے جاتا ہو ایک بزرگ نے جواب دیا شعر

اول ابلیسے مرا اوستاد بود ٭ بعد ازان ابلیس پیشم باد بود

شیطان تو قید ہے مگر شیطان کی صحبت مین رہنے والے تو زندہ ہین۔

ہلال رمضان المبارک دیکھکر پڑھنے کی دعا جب ۲۹ یا ۳۰ شعبان کو رمضان کا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا شَھْرُ رَمَضَانَ اَدْخِلْهُ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ

وَالْاَمَانِ وَصِحَّۃً مِّنَ الْاَسْقَامِ وَارْزُقْنَا صِیَامَہٗ وَقِیَامَہٗ وَتِلَاوَۃَ الْقُرْاٰنِ

روزہ نماز کے بعد دوسری عبادت ہے جو مسلمانوں کو دوسری قوموں سے ممتاز کرتا ہے وہ صوم ہے روزہ **رکھنے کا مقصد** روزہ ایک عاشقانہ عبادت خالصاً للہ ہے اور روزہ کا مقصد خود خداوند کریم نے تبلایا ہے کہ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ یعنے یہ حکم اس واسطے ہے کہ تم متقی بنجاؤ اور یہ تقویٰ مدار نجات ہے چنانچہ فرمایا ثُمَّ نُنَجِّی الَّذِیْنَ اتَّقَوْا پھر ہم متقیون کو نجات دینگے ۔ روزون سے بہت فوائد حاصل ہین جنکے لکھنے کی یہان گنجائش نہین اس سے ہمکو یہ تعلیم بھی ہے کہ تم گناہون سے اگر چاہو تو بچ سکتے ہو کہ یہ تکلیف گناہون کا کفارہ ہوجاتی ہے دعا بھی قبول ہوتی ہے ۔ روزہ سے مسکینون کی حالت کا اندازہ ہوسکتا ہے کہ جب اپنے تئین بھوک پیاس لگتی ہے تو اس وقت اس بات کا خیال آتا ہے کہ ان غریب مسکین لوگون کو بھی ایسی ہی تکلیف ہوتی ہوگی روزہ کی حالت مین کن باتون کا لحاظ ضروری ہے فرمایا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے مَنْ لَّمْ یَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِہٖ فَلَیْسَ لِلّٰہِ حَاجَۃٌ فِیْ اَنْ یَّدَعَ طَعَامَہٗ وَ شَرَابَہٗ جو جھوٹ بولنا اور اسپر عمل کرنا نہین چھوڑتا تو وہ سن لے کہ اللہ کو اس بات کی ضرورت نہین کہ کوئی اپنا کھانا پینا چھوڑ دے روزہ مین تمام عضو کو منہیات سے بچاوے کلام فحش اور فضول نکرے غیبت اور گناہ سے بچے ۔ روزہ رمضان ہر مسلمان بالغ اور عاقل پر فرض ہے ہر شب روزہ کی نیت کرنی فرض ہے اگر رات کو بھول جائے تو دن کو دوپہر سے پہلے نیت کرے نیت یہ ہے نَوَیْتُ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا لِّلّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ فَرْضِ شَھْرِ رَمَضَانَ اگر دن مین نیت کرے تو بجائے لفظ غدًا کے ھٰذَا الْیَوْمَ کہے اگر یہ نیت یاد نہووے تو دل مین خیال کرے کہ صبح کو روزہ رمضان اللہ تعالیٰ کیواسطے رکھونگا افطار کی نیت یہ ہے اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ روزہ کھجور یا چھوارے سے افطار کرے تو بہتر ہے کیونکہ اس مین برکت ہے یا پانی سے روزہ کھولے کہ پاکیزہ چیز ہے افطار کے وقت ایکدم غذا ہرگز نہین کھانی چاہئے ۔ آنکھ مین دوائی ڈالنے کان مین پانی جانے اور خوشبو سونگھنے اور غسل کی حالت مین دن چڑھ جانے دانتون سے خون جاری ہونے وغیرہ سے روزہ نہین ٹوٹتا ۔ **تراویح** سنت مؤکدہ ہے بیس رکعت بعد فرض وسنت عشا قبل از وتر اور وتر صرف رمضان مین جماعت سے ادا کرے **عید الفطر** دو رکعت واجب چھ تکبیرون کے ساتھ عیدگاہ یا مسجد مین جماعت سے ادا کرے اول مرتبہ معمولی طور پر نماز کے موافق اللہ اکبر بولکر ہاتھ باندھے دوسرے دفعہ اللہ اکبر کہکر ہاتھ اٹھا کر چھوڑ دے اسیطرح تیسری مرتبہ بھی ہاتھ چھوڑ کر چوتھی مرتبہ ہاتھ باندھلے دوسری رکعت مین بعد قرأت کے تین بار اللہ اکبر بولکر ہر بار ہاتھ نیچے چھوڑ دے چوتھے مرتبہ اللہ اکبر بولکر رکوع کرے ہاتھ نہ اٹھاوے اور نماز کے بعد خطبہ سنے ۔ عید الفطر کے روز فطرہ ادا کرے دو سیر انگریزی غلہ گندم دیوے اگر یہ صدقہ عید کے دن سے پیشتر دیدے تو بھی درست ہے اگر عید کے دن نہ دیا ہو تو پھر جب چاہے غلہ خواہ قیمت غلہ کی دیوے لیکن محتاج کا نفع مد نظر رکھے

عید الضحیٰ کی نماز بھی اسیطرح ہے مگر نیت اسطرح کرے کہ دو رکعت واجب عید الضحیٰ کی نماز پڑھتا ہون مین چھ تکبیرون کے ساتھ واسطے اللہ کے تابع اس امام کے عید الضحیٰ دسوین تاریخ ذی الحجہ کو ہوتی ہے ۔ عورتون پر عیدین کی نماز واجب نہین اگر وہ پڑھلین تو جائز ہے ۔

